نیوز ریلیز

# 1 ملین البرٹنز استطاعت کے قابل ہونے والی ادائیگیاں وصول کریں گے

09 فروری، 2023ء میڈیا انکوائریز

## دَس لاکھ سے زائد البرٹنز اندراج شدہ ہیں اور وہ اپنی 100 ڈالر کی قابل استطاعت چھ ادائیگیوں میں سے پہلی ادائیگی وصول کرنے کیلئے شیڈول پر ہیں، جو مہنگائی کے ریلیف میں 96 ملین ڈالر کی نمائندگی کرتی ہے۔

البرٹا کی معیشت مضبوطی سے بحال ہوئی ہے، لیکن البرٹا کے باشندے اپنے گھروں کو گرم کرنے اور اپنے خاندانوں کے پَیٹ پالنے کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں۔ البرٹا کا افورڈیبیلیٹی ایکشن پلان (Alberta's Affordability Action Plan) البرٹا کو قابل استطاعت رکھنے میں مدد کر رہا ہے۔

خاندانوں، بزرگوں اور نہایت کمزور افراد کو وہ امداد بروقت فراہم کرنے کیلئے جس کی انہیں ضرورت ہے، اندرونِ خانہ مہارت اور وسائل کو استعمال کرکے ایک آن لائن درخواست کا نظام تیار کیا گیا تھا۔ قابلِ استطاعت ادائیگیاں نومبر میں اعلان کردہ اقدامات کے مجموعے میں سے صرف ایک ہے جو اب استطاعت کے بحران سے نکلنے میں البرٹنز کی مدد کیلئے جاری ہیں۔

"مجھے البرٹا کے سرکاری ملازمین پر بہت فخر ہے جنھوں نے ٹیکس دہندگان پر قیمتوں کا کوئی اضافی بوجھ ڈالے بغیر دو ماہ سے کم عرصے میں اپنی نوعیت کا پہلا ادائیگیوں کا پورٹل تیار کیا۔ یہ اس بات کا مزید ثبوت ہے کہ ٹیکنالوجی اور جدت کے ساتھ ہم اپنے طریقِ عمل کو جدید بنا سکتے ہیں، اعلیٰ معیار کے حل اور زیادہ صارف دوست ٹولز فراہم کر سکتے ہیں جو کہ البرٹنز کیلئے بہتر قدر و قیمت اور نتائج فراہم کریں گے۔"

*نیٹ گلوبش (Nate Glubish)، وزیر برائے ٹیکنالوجی و اختراع*

"البرٹا کو قابلِ استطاعت رکھنے کی ہماری مسلسل کوششوں میں یہ ایک ناقابل یقین سنگِ مِیل ہے۔ دس لاکھ بچے، بزرگ اور البرٹنز اب بنیادی امدادی پروگراموں کیلئے اندراج شدہ ہیں تاکہ مہنگائی کے چیلنج کے دباؤ کو دُور کرنے کیلئے ماہانہ استطاعت کے قابل ہونے والی ادائیگیاں حاصل کر سکیں۔ ہماری حکومت کی توجہ قابلِ استطاعت کرنے پر مرکوز ہے، اور ہم البرٹنز کے لئے اضافی ریلیف کی تلاش جاری رکھیں گے۔"

*میٹ جونز (Matt Jones)، وزیر برائے افورڈیبیلیٹی اور یوٹیلیٹیز*

Classification: Public

اس وقت ادائیگیاں وصول کرنے والے دس لاکھ البرٹنز میں سے 300,000 از خود اندراج شدہ تھے اور 700,000 سے زائد نے پورٹل کے ذریعے درخواستیں دی تھیں۔ پورٹل کے ذریعے درخواستیں دینے والے 650,000 سے زائد افراد کو ان کی پہلی ادائیگی موصول ہوگئی ہے، باقی آنے والے دنوں میں اپنی پہلی ادائیگی حاصل کر لیں گے۔

قابلِ استطاعت ادائیگیوں میں 600 ڈالر ان سینکڑوں ڈالروں میں اضافہ کرتا ہے جو افورڈیبیلیٹی ایکشن پلان کے تحت البرٹنز وصول کر رہے اور بچا رہے ہیں۔ اس میں 2023ء کے آخر تک صوبائی فیول ٹیکس کو معطل کرنے، بجلی کی ریبیٹس کو بڑھانے، بنیادی امدادی پروگراموں میں بینیفٹ کی ادائیگیوں میں اضافہ اور نجی مسافر گاڑیوں کی انشورنس کے نرخوں میں اضافوں کو روکنے سے ایک اندازے کے مطابق 900 ڈالر کی بچت شامل ہے۔

ان معاونتوں کے علاوہ، البرٹا کی حکومت نے فوڈ بینکوں اور دیگر کمیونٹی گروپس کو اضافی مالی امداد فراہم کی ہے، کم آمدنی والے ٹرانزٹ پاس پروگراموں کیلئے اور انڈیکسڈ ذاتی انکم ٹیکس کی فنڈنگ میں اضافہ کیا ہے۔

دانشمندانہ فیصلہ سازی اور البرٹا کی متحرک اور بڑھتی ہوئی معیشت کی بدولت، صوبہ متوازن بجٹ کے ساتھ ایک مضبوط مالی پوزیشن میں ہے، جس نے البرٹا کی حکومت کو ریلیف دینے کے قابل بنایا ہے تاکہ البرٹا میں رہنے والے اور ان کے خاندان اس مہنگائی کے بحران سے بہتر طریقے سے نمٹنے کے قابل ہوں، اور اس سے بھی بہتر ہوں۔

## فوری حقائق

- پورٹل کُھلنے کے پہلے 24 گھنٹوں کے اندر، ادائیگی کے لئے 140,000 سے زائد درخواستوں پر کامیابی کے ساتھ کاروائی کی گئی، جس سے 190,000 سے زائد بچوں اور 65,000 بزرگوں کی مدد کی گئی۔
- 31 جنوری کو، 575,000 سے زائد البرٹنز نے اپنی پہلی ادائیگیاں براہ راست ڈیپازٹ یا چیکس کے ذریعے حاصل کیں، جس سے 400,000 سے زائد بزرگوں اور 174,000 سے زیادہ بچوں کی مدد کی گئی۔
- البرٹنز تمام وسیع البنیاد اور اہدافی قابل استطاعت ریلیف پروگراموں کے بارے میں آن لائن مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

*بچوں، بزرگوں اور کمزور البرٹنز کی مدد کرنا*

- 8 فروری تک، 950,000 البرٹنز نے اپنی چھ ماہانہ 100 ڈالر تک کی پہلی ادائیگیاں حاصل کیں، یا ان کی طرف سے ان کے والدین یا سرپرست وصول کر چکے تھے۔
    - اس میں 469,000 بچے، 380,000 بزرگ اور 118,000 کمزور البرٹنز شامل ہیں جو بنیادی سپورٹ پروگرام جیسے کہ اے آئی ایس ایچ، انکم سپورٹ اور پرسنز ود ڈیویلپمینٹل ڈس ایبلیٹیز (پی ڈی ڈی) پروگرام پر ہیں۔
    - اب تک، البرٹنز قابل استطاعت ادائیگیوں میں 96 ملین ڈالر وصول کر چکے ہیں۔ اندازہ لگایا جاتا ہے کہ پورے چھ مہینوں میں، تقریباً کل 500 ملین ڈالر طریق عمل میں ہوں گے۔
- ان تمام البرٹنز کیلئے ادائیگیاں براہِ راست ڈیپازٹ کے ذریعے یا چیک کے ذریعے بھیجی گئی ہیں جنہوں نے 27 جنوری سے پہلے کامیابی کے ساتھ اندراج کیا تھا۔ وہ البرٹنز جنہوں نے 27 جنوری کے بعد اندراج کیا تھا وہ اپنی درخواستیں مکمل کرنے کے 10 دنوں کے اندر اپنی ادائیگیاں وصول کریں گے۔
- اپنی درخواستوں میں مدد کے لئے البرٹنز مندرجہ ذیل کر سکتے ہیں:

- تصدیق شدہ اکاؤنٹ سپورٹ لائن کو 2789-643-844-1 پر کال کریں۔
- افورڈیبیلیٹی ایکشن پلان انفرمیشن لائن کو 9955-644-844-1 پر کال کریں۔
- 50 مقامات اور 100 سے زائد زبانوں میں بِلا معاوضہ مدد حاصل کرنے کے لئے کسی بھی رجسٹری ایجنٹ یا البرٹا سپورٹس سینٹر پر ذاتی طور پر جائیں۔

*تمام البرٹنز کے لئے مہنگائی سے ریلیف*

- ریلیف فراہم کرنے والی دیگر قابل استطاعت معاونتوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:
  - بجلی کی کل ریبیٹس میں 500 ڈالر۔
  - تخمینہ شدہ فیول ٹیکس ریلیف میں ڈرائیوروں کیلئے سینکڑوں ڈالر۔
  - اے آئی ایس ایچ، انکم سپورٹ، سینئرز بینیفٹ اور البرٹا چائلڈ اینڈ فیملی بینیفٹ جیسے بنیادی سپورٹ پروگراموں میں چھ فیصد انڈیکسیشن بڑھوتی۔
  - قدرتی گیس اور بجلی کی قیمتوں میں تحفظ۔
  - ذاتی انکم ٹیکس میں تبدیلیاں جو افراد اور خاندانوں کی جیبوں میں زیادہ رقم رکھنے میں مدد دیں گی۔
- البرٹا کے تین سالہ 2.8 بلین ڈالر کے افورڈیبیلیٹی ایکشن پلان کے بہت سے اجزاء مستقبل میں بھی البرٹا کے لوگوں کو مدد فراہم کرتے رہیں گے۔
  - ان میں قدرتی گیس کی ریبیٹس اور فیول ٹیکس میں ریلیف، قیمتوں کے محرکات کی بنیاد پر، اور البرٹا کے ٹیکس کے نظام اور سوشل سپورٹس کی انڈیکسیشن شامل ہیں۔
- البرٹا کی حکومت نے وفاقی حکومت کے ساتھ بچوں کی نگہداشت کے قابل استطاعت اقدامات والے معاہدے پر بھی بات چیت کی ہے اس سے والدین کی کل وقتی بچے کی دیکھ بھال میں ماہانہ 450 ڈالر اور 635 ڈالر کے درمیان بچت ہوگی۔

## متعلقہ معلومات

- سائن اَپ کریں یا اپنے تصدیق شدہ اکاؤنٹ اسٹیٹس کو چَیک کریں
- قابل استطاعت ادائیگیوں کیلئے درخواست دیں
- افورڈیبیلیٹی ایکشن پلان

## ملٹی میڈیا

- ویڈیو: اپنی قابل استطاعت ادائیگیوں کیلئے درخواست کیسے دینی ہے